© rasailojaraid.com



# شذرات علمیہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہاں پوری

## مولانا محمد اسحاق چیمہ ــــ چند باتیں چند یادیں

یہ اس نام کی کوئی کتاب نہیں مجلہ تعلیم الاسلام ۔ ماموں کانجن فیصل آباد کا شیخ الحدیث مولانا محمد اسحاق چیمہ نمبر ہے اگرچہ اس نمبر میں مولانا محمد اسحاق بھٹی کے مضمون کے علاوہ مولانا قاضی محمد اسلم سیف فیروزپوری کا مضمون اور چند اور چھوٹے چھوٹے مضمون بھی ہیں اور اس کے باوجود کہ سیف صاحب کا مضمون بہت اچھا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ سب مضمون مولانا اسحاق صاحب کے مضمون کے نیچے دب گئے ہیں مولانا اسحاق صاحب کے مضمون مجلے کے ۸۶ صفحوں میں سے ۶۲ صفحوں پر پھیلا ہوا ہے اور مولانا شیخ الحدیث کی علمی و عملی زندگی اور اخلاق و سیرت و خدمات کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہے ۔ حضرت شیخ الحدیث مرحوم مرکزی جمعیت اہل حدیث کے بانیوں اور مولانا داؤد غزنوی اور دوسرے اکابر اہل حدیث اور علمائے ذی وقار کے قابل اعتماد رفقا میں سے تھے ۔ مولانا محمد اسحاق بھٹی خاکہ نگاری اور تذکرہ نگاری میں ایک خاص اسلوب اور طرز نگارش کے مالک ہیں ۔ انھوں نے اپنے دل نشیں اسلوب میں حضرت شیخ الحدیث کا تذکرہ لکھا ہے ۔

## تحقیق

یہ سندھ یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کا تحقیقی مجلہ ہے اس کے مدیر ڈاکٹر نجم الاسلام ہیں اور مجلس مشاورت میں حضرت مخدومی ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان جیسے نامور محقق اور استاذ الاساتذہ اور مسز رابعہ اقبال جیسی صاحب قلم خاتون شامل ہیں اس مجلے کا یہ

© rasailojaraid.com